اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارہویں اسمبلی ر گیارواں اجلاس (پانچویں نشست)

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ بروز بدھ مورخہ 12رفروری 2025ء بمطابق ۱۳رشعبان المعظم ۱۴۴۶ھ۔



| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔ | 03 |
| 2 | رخصت کی درخواستیں۔ | 04 |
| 3 | سرکاری کارروائی برائے قانون سازی۔ | 04 |
| 4 | قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر (D)170 کے تحت کُل ایوان کی مجلس کی تشکیل کی بابت تحریک۔ | 06 |

## ایوان کے عہدیدار

اسپیکر۔۔کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی

ڈپٹی اسپیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میڈم غزالہ گولہ بیگم

## ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب مقبول احمد شاہوانی

☆☆☆

# بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

بروز بُدھ مورخہ 12رفروری 2025ء بمطابق ۱۳رشعبان المعظم ۱۴۴۶ھ ۔

بوقت سہ پہر 03 بجکر 30 منٹ پر زیر صدارت میر رحمت علی صالح بلوچ ، چیئرمین ،

بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا ۔

**جناب چیئرمین:** السلام علیکم ! کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے ۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ **از** حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمۡ جَنّٰتٌ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ؕ ذٰلِکَ
الۡفَوۡزُ الۡکَبِیۡرُ ﴿۱۱﴾ؕ اِنَّ بَطۡشَ رَبِّکَ لَشَدِیۡدٌ ﴿۱۲﴾ؕ اِنَّهٗ هُوَ یُبۡدِئُ وَیُعِیۡدُ ﴿۱۳﴾ۚ
وَهُوَ الۡغَفُوۡرُ الۡوَدُوۡدُ ﴿۱۴﴾ۙ ذُوالۡعَرۡشِ الۡمَجِیۡدُ ﴿۱۵﴾ۙ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیۡدُ ﴿۱۶﴾ؕ

﴿پارہ نمبر ۳۰ سُوۡرَۃُ البروج آیات نمبر ۱۱ تا ۱۶﴾

ترجمہ : بیشک جو لوگ یقین لائے اور کیں انہوں نے بھلائیاں ان کے لئے باغ ہیں جنکے نیچے بہتی ہیں نہریں یہ ہے بڑی مراد ملنی ۔ بیشک تیرے رب کی پکڑ سخت ہے ۔ بیشک وہی کرتا ہے پہلی مرتبہ اور دوسری ۔ اور وہی ہے بخشنے والا محبت کرنیوالا ۔ مالک عرش کا بڑی شان والا ۔ کرڈالنے والا جو چاہے ۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡمِ ۔

☆☆☆

**جناب چیئرمین:** جَزَاکَ اللّٰہ. اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَّ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

سیکرٹری اسمبلی رخصت کی درخواستیں پڑھیں۔

**جناب طاہرشاہ کاکڑ (سیکرٹری اسمبلی):** میر یونس عزیز زہری صاحب، میر جہانزیب مینگل صاحب، جناب خیر جان بلوچ صاحب، جناب رَوی پہوجہ صاحب، محترمہ راحیلہ حمید خان دُورانی صاحبہ، محترمہ سلمہ بی بی صاحبہ اور محترمہ اُم کلثوم صاحبہ نے آج کی نشست سے رخصت منظور کرنے کی درخواستیں کی ہیں۔

**جناب چیئرمین:** آیا رخصت کی درخواستیں منظور کی جائیں؟ مَیں تمام اراکین اسمبلی کی جانب سے former ڈپٹی چیئرمین سینٹ صابر بلوچ صاحب کو welcome کہتا ہوں آج کے اجلاس میں موجود ہیں۔

رخصتیں منظور ہوئیں۔

**جناب چیئرمین:** سرکاری کارروائی برائے قانون سازی۔

**بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (امداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کا پیش اور منظور کیا جانا۔**

وزیر برائے محکمہ داخلہ، بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) ایوان میں پیش کریں۔

**میر شعیب نوشیروانی (وزیر خزانہ اور مائنز اینڈ منرل ڈویلپمنٹ):** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔مَیں میر شعیب نوشیروانی، وزیر برائے محکمہ خزانہ، وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) ایوان میں پیش ہوا۔وزیر برائے محکمہ داخلہ بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کی بابت تحریک پیش کریں۔

**وزیر خزانہ اور مائنز اینڈ منرل ڈویلپمنٹ:** مَیں میر شعیب نوشیروانی، وزیر برائے محکمہ خزانہ، وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کرتا ہوں کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کو پیش کرنے کی بابت قاعدہ 84 اور (2)85 کے تقاضوں سے exempt قرار دیا جائے۔

جناب چیئرمین: تحریک پیش ہوئی۔

جناب چیئرمین: آیا تحریک منظور کی جائے؟

جناب چیئرمین: تحریک منظور ہوئی۔ بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کو پیش کرنے کی بابت قاعدہ 84 اور (2)85 کے تقاضوں سے exempt قرار دیا جاتا ہے۔ وزیر برائے محکمہ داخلہ، بلوچستان میں دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کی بابت اگلی تحریک پیش کریں۔

وزیر خزانہ اور مائنز اینڈ منرل ڈویلپمنٹ: مَیں میر شعیب نوشیروانی، وزیر برائے محکمہ خزانہ، وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کرتا ہوں کہ بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کو فی الفور زیر غور لایا جائے۔

جناب چیئرمین: تحریک پیش ہوئی۔

جناب چیئرمین: آیا تحریک منظور کی جائے؟

جناب چیئرمین: تحریک منظور ہوئی۔ بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کو فی الفور زیر غور لایا جاتا ہے۔ وزیر برائے محکمہ داخلہ، بلوچستان میں دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کی بابت اگلی تحریک پیش کریں۔

وزیر خزانہ اور مائنز اینڈ منرل ڈویلپمنٹ: مَیں میر شعیب نوشیروانی، وزیر برائے محکمہ خزانہ، وزیر برائے محکمہ داخلہ کی جانب سے تحریک پیش کرتا ہوں کہ، بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کو منظور کیا جائے۔

جناب چیئرمین: تحریک پیش ہوئی۔

جناب چیئرمین: آیا تحریک منظور کی جائے؟

جناب چیئرمین: تحریک منظور ہوئی۔ بلوچستان دہشت گردی کے شکار شہریوں کی (اِمداد و بحالی) کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 12 مصدرہ 2025ء) کو منظور کیا جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: اب چونکہ محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے صوبے میں صحت عامہ سے متعلق معزز اراکین بلوچستان

اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دینے کا اہتمام کیا ہے۔ واضح رہے کہ اسمبلی ہال (چیمبر) کو سوائے ایوان کی اجازت کے اسمبلی کی نشستوں کے سوا دیگر کسی مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ لہٰذا قائد ایوان معزز اراکین اسمبلی کو محکمہ صحت حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے میں صحت عامہ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دینے کی بابت، بلوچستان اسمبلی کے ہال (وچیمبر) کو کُل ایوان کی مجلس تشکیل دینے کی بابت قاعدہ 170(D) کے تحت تحریک پیش کریں۔

**میر سرفراز احمد بگٹی (قائد ایوان):** شکریہ جناب چیئرمین! آپکو کرسی پر بیٹھے بہت اچھا بھی لگ رہا ہے۔

**جناب چیئرمین:** Thank you Sir!

**جناب قائد ایوان:** اور میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی دن مستقل طور پر اِس کرسی پر بٹھائیں۔

**جناب چیئرمین:** سارے آمین بولیں ناں۔

**جناب قائد ایوان:** اُس کے بعد مَیں تحریک پیش کرتا ہوں کہ مَیں سرفراز احمد بگٹی، قائد ایوان، قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر 170(D) کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ محکمہ صحت سے متعلق معزز اراکین بلوچستان اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دینے کی بابت بلوچستان صوبائی اسمبلی کے ہال (چیمبر) کو کُل ایوان کی مجلس تشکیل دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** تحریک پیش ہوئی۔

**جناب چیئرمین:** آیا تحریک منظور کی جائے؟

**جناب چیئرمین:** تحریک منظور ہوئی۔ لہٰذا بلوچستان اسمبلی کے ہال (چیمبر) کو قاعدہ نمبر 170(D) کے تحت محکمہ صحت کی جانب سے بریفنگ کے لیے کُل ایوان کی مجلس تشکیل دیا جاتا ہے۔ اب محکمہ تعلیم سے متعلق تفصیلی briefing کی بابت اسمبلی۔۔۔(مداخلت)۔۔۔جی؟ نہیں sir میں urgent کر رہا ہوں session کو آپ سُنیں ناں۔ آپ مجھے guide نہیں کریں۔ ایجنڈا میرے سامنے ہے kindly حاجی برکت صاحب you are junior more than me۔ اب میں محکمہ تعلیم سے متعلق تفصیلی briefing کی بابت اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 14 فروری 2025ء بوقت سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

**جناب چیئرمین:** اب میں میر ظہور احمد بلیدی صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ کُل ایوان کی مجلس کی صدارت کریں۔ شکریہ۔

(اسمبلی کا اجلاس شام 03 بجکر 40 منٹ پر اختتام ہوا)

☆☆☆